Black pepper (crushed)	1 tsp
Red chillies (crushed)	1 tsp
Lemon juice	2 tbsp
Spinach (boiled and chopped)	4 tbsp
Salt	½ tsp

Sauce Ingredients:

Butter	50 grams
Cream (fresh)	1 cup
Garlic (chopped)	1 tsp
Parmesan cheese	1 tbsp
Parsley	2 tbsp

Dough Ingredients:

Refined flour (sieved)	2 cups
Milk (fresh)	1 cup
Yeast	1 tbsp
Salt	¼ tsp
Oil	2 tbsp

Method:

- Mix sauce ingredients in a bowl.
- Mix pepper, red chillies, garlic, lemon juice and salt in chicken; cook till tender.
- Add spinach and onions; remove from flame.
- Mix dough ingredients in a bowl; knead; set aside for ½ hour; when dough rises till double, roll out into disc; set on a pizza pan.
- Spread sauce and chicken on crust; add a layer of cheese.
- Bake in a pre-heated oven at 200°C for 20 minutes; remove.

چکن الفریڈو پیزا

اجزاء:

مرغی کے سینے (باریک کٹے ہوئے)	300 گرام
موزریلا پنیر (کدوکش)	300 گرام
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	ایک پیالی
لہسن (چوپ کیا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
کُٹی ہوئی کالی مرچ اور لال مرچ	ایک ایک چائے کا چمچہ
لیموں کا رس	2 کھانے کے چمچے
پالک (اُبلی اور چوپ کی ہوئی)	4 کھانے کے چمچے
نمک	½ چائے کا چمچہ

ساس کے اجزاء:

مکھن	50 گرام
تازہ کریم	ایک پیالی
لہسن (چوپ کیا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
پارمزان پنیر	ایک کھانے کے چمچے
اجمودہ	2 کھانے کے چمچے

آٹے کے اجزاء:

میدہ (چھنا ہوا)	2 پیالی
تازہ دودھ	ایک پیالی
خمیر	ایک کھانے کا چمچہ
نمک	¼ چائے کا چمچہ
تیل	2 کھانے کے چمچے

ترکیب:

ایک پیالے میں ساس کے اجزاء ملالیں۔ مرغی میں کالی مرچ، لال مرچ، لہسن، لیموں کا رس اور نمک ملا کر مرغی کا گوشت گلنے تک پکائیں۔ اس میں پالک اور پیاز ملا کر چولہا بند کر دیں۔ ایک پیالے میں آٹے کے اجزاء گوندھ کر ½ گھنٹے کے لئے رکھ دیں۔ جب پھول کر دگنا ہو جائے تو روٹی بیلیں اور پیزا کی ڈش پر سیٹ کر دیں۔ اس پر ساس، مرغی، پھر پنیر کی تہہ لگا کر پہلے سے گرم اوون میں 200°C پر 20 منٹ تک پکا کر نکالیں۔

Tarka

Steak with Mushroom Sauce

Ingredients:

Beef undercut	½ kg
Ginger/garlic paste	2 tsp
Chilli sauce, Mustard paste	1 tbsp each
Black pepper (crushed)	½ tsp
White vinegar	1 tbsp
Salt	½ tsp
Soya sauce, Oil	2 tbsp each
Lettuce leaf	for decoration

Sauce ingredients:

Mushrooms (finely cut)	1 cup
Tomato ketchup	½ cup
Beef stock	1 cup
Lemon juice	1 tbsp
Cornflour (made into paste with water)	1 tbsp
Oregano, Red chillies (crushed)	½ tsp each
Black pepper (crushed), Salt	½ tsp each
Butter	100 grams

Method:

- Marinate undercut with ginger/garlic, soya sauce, chilli sauce, mustard paste, pepper, vinegar and salt; set aside for 1 hour.
- Heat oil in a frying pan; fry thoroughly from both sides for 5 minutes each. Dish out.
- Heat butter in a saucepan; fry mushrooms; add all sauce ingredients except cornflour and oregano; bring to boil.
- Gradually add cornflour; cook till thick; add oregano; pour on dish.
- Decorate dish with lettuce leaf; serve.

اسٹیک بمعہ کھمبی کا ساس

اجزاء:

انڈر کٹ	½ کلو
پسا ہوا لہسن ادرک	2 چائے کے چمچے
چلی ساس' مسٹرڈ پیسٹ	ایک' ایک کھانے کا چمچہ
کُٹی ہوئی کالی مرچ	½ چائے کا چمچہ
سفید سرکہ	ایک کھانے کا چمچہ
نمک	½ چائے کا چمچہ
سویا ساس' تیل	2' 2 کھانے کے چمچے
سلاد پتہ	سجانے کے لئے

ساس کے اجزاء:

کھمبیاں (باریک کٹی ہوئی)	ایک پیالی
ٹماٹو کیچپ	½ پیالی
گائے کی یخنی	ایک پیالی
لیموں کا رس	ایک کھانے کا چمچہ
کارن فلور (پانی میں گُھلا ہوا)	ایک کھانے کا چمچہ
اوریگانو' کُٹی ہوئی لال مرچ	½' ½ چائے کا چمچہ
کُٹی ہوئی کالی مرچ' نمک	½' ½ چائے کا چمچہ
مکھن	100 گرام

ترکیب:

انڈر کٹ پر لہسن ادرک' سویا ساس' چلی ساس' مسٹرڈ پیسٹ' کالی مرچ' سرکہ اور نمک ملا کر ایک گھنٹے کے لئے رکھ دیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور انڈر کٹ کو دونوں جانب سے 5' 5 منٹ تک پکا کر ڈش میں نکال لیں۔ ساس پین میں مکھن گرم کر کے کھمبیاں بُھونیں' اس میں کارن فلور اور اوریگانو کے علاوہ باقی تمام اجزاء ڈال کر اُبال آنے تک پکائیں' پھر تھوڑا تھوڑا کر کے کارن فلور ڈال کر گاڑھا کریں' اس میں اوریگانو ملا کر ڈش میں ڈال دیں اور ڈش کو سلاد پتے سے سجا دیں۔

Tarka

Fried Chicken with Carrots

Ingredients:

Chicken pieces	½ kg
Carrots (cut in rounds)	250 grams
Mango powder	100 grams
Onions (finely cut)	2
Green chillies (finely cut)	4
Curry leaves	6
Fresh coriander	½ bunch
Turmeric powder, hot spices powder	1 tsp each
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Ginger (finely cut)	1 tbsp
Onion seeds	½ tsp
Fennel seeds, mustard seeds	2 tsp each
Red chillies (crushed)	2 tbsp
Water	1 cup
Salt	1 tsp
Oil	½ cup

Method:

- Fry onions golden in a clay pot; add chicken, ginger/garlic, red chillies, turmeric and salt; fry on high flame.
- When meat is tender, add mango powder, carrots, curry leaves, mustard seeds, onion seeds, fennel seeds and water.
- Cook till carrots are tender.
- Add ginger, coriander, hot spices and green chillies; dish out

گاجر والی بُھنی ہوئی مرغی

اجزاء:

مرغی کی بوٹیاں	½ کلو
گاجر (گول کٹی ہوئی)	250 گرام
امچور	100 گرام
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	4 عدد
کڑھی پتے	6 عدد
ہرا دھنیا	½ گڈی
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
ادرک (باریک کٹی ہوئی)	ایک کھانے کا چمچہ
کلونجی	½ چائے کا چمچہ
سونف، رائی دانے	2، 2 چائے کے چمچے
کُٹی ہوئی لال مرچ	2 کھانے کے چمچے
پانی	ایک پیالی
نمک	ایک چائے کا چمچہ
تیل	½ پیالی

ترکیب:

مٹی کی ہانڈی میں تیل گرم کر کے پیاز سنہری کریں۔ اس میں مرغی، لہسن ادرک، لال مرچ، ہلدی اور نمک ڈال کر تیز آنچ پر بھونیں۔ گوشت گل جائے تو اس میں امچور، گاجر، کڑھی پتے، رائی دانے، کلونجی، سونف اور پانی ڈال کر گاجر گلنے تک پکائیں، پھر ادرک، ہرا دھنیا، گرم مصالحہ اور ہری مرچیں ڈال کر ڈش میں نکال لیں۔

Tarka

Classic Cappuccino

Ingredients:

Coffee	1 tsp
Cocoa powder	2 tsp
Milk (fresh)	1 cup
Double cream	2 tbsp
Water	1 cup
Sugar	to taste
Cinnamon (powdered)	1 pinch
Nutmeg (powdered)	1 pinch

Method:

- Cook water, cocoa powder, coffee and sugar in a saucepan on low flame till half remains.
- Bring milk to boil separately; add to saucepan; add cream; pour into a cup.
- Sprinkle cinnamon and nutmeg; serve.

کلاسک کاپی چینو

اجزاء:

کافی	ایک چائے کا چمچہ
کوکو پاوڈر	2 چائے کے چمچے
تازہ دودھ	ایک پیالی
ڈبل کریم	2 کھانے کے چمچے
پانی	ایک پیالی
چینی	حسب ذائقہ
پسی ہوئی دار چینی	ایک چٹکی
پسی ہوئی جائفل	ایک چٹکی

ترکیب:

ساس پین میں پانی، کوکو پاوڈر، کافی اور چینی ڈال کر ہلکی آنچ پر پانی ½ رہ جانے تک پکائیں۔ دودھ کو اُبال کر ساس پین میں ڈالیں، اس میں کریم ملا کر پیالی میں نکالیں، اس پر دار چینی اور جائفل چھڑک کر پیش کریں۔

Food Diaries

Corn Chowder with Tortilla Chips

Ingredients:

Corn (canned)	1 cup
Spring onions (finely cut)	2
Garlic	1 clove
Semolina	2 tbsp
Vegetable stock	2 cups
Cheddar cheese (grated)	1 cup
Tortilla chips	2 cups
Red chillies (finely cut)	for sprinkling

Method:

- Blend corn, spring onions, garlic and semolina in a blender.
- Bring to boil stock and blended ingredients in a pot; reduce flame and keep on dum.
- Line a baking dish with aluminum foil; layer with chips; sprinkle cheese on top.
- Bake in a pre-heated oven at 200°C for 10 minutes; remove.
- Dish out soup in bowls; place some tortilla chips on top.
- Sprinkle red chillies; serve.

کارن چاوڈر بمعہ ٹورٹیلا چپس

اجزاء:

بھٹے (ٹن والے)	ایک پیالی
ہری پیاز (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
لہسن	ایک جوا
سوجی	2 کھانے کے چمچے
سبزیوں کی یخنی	2 پیالی
چیڈر پنیر (کدوکش)	ایک پیالی
ٹورٹیلاز چپس	2 پیالی
لال مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	چھڑکنے کے لئے

ترکیب:

بلینڈر میں بھٹے، ہری پیاز، لہسن اور سوجی ملا کر پیس لیں۔ دیگچی میں یخنی اور پسا ہوا آمیزہ ڈال کر ایک اُبال آنے تک پکائیں، پھر آنچ ہلکی کر کے دَم پر رکھ دیں۔ بیکنگ ڈش پر الومنیم فوائل لگادیں، اس پر چپس کی تہہ لگائیں اور پنیر چھڑک دیں۔ ڈش کو پہلے سے گرم اوون میں 200°C پر 10 منٹ تک پکا کر نکال لیں۔ سوپ پیالوں میں نکالیں، اس کے اوپر تھوڑے تھوڑے چپس رکھیں اور لال مرچیں چھڑک کر پیش کریں۔

Food Diaries

Chicken and Rice Soup

Ingredients:

Chicken pieces (boneless)	½ kg
Celery (finely cut)	1 cup
Carrots (finely cut)	1 cup
Uncooked white rice	½ cup
Onion (finely cut)	½ cup
Thyme leaves (chopped)	½ tsp
Black pepper (crushed)	¼ tsp
Water	2 cups
Salt	1 tsp

Method:

- Boil chicken in water in a pot; when meat is tender allow to simmer for 15 minutes.
- Add onion, pepper, thyme and salt; keep on dum for 45 minutes.
- Remove froth from top and discard.
- Remove chicken; strain stock and pour in a separate pot.
- Add chicken, celery, carrots, and rice; keep on dum for 20 minutes. Serve hot in a bowl.

مرغی اور چاول کا سوپ

اجزاء:

مرغی کی بوٹیاں (بغیر ہڈی)	½ کلو
سیلری (باریک کٹی ہوئی)	ایک پیالی
گاجر (باریک کٹی ہوئی)	ایک پیالی
کچے سفید چاول	½ پیالی
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	½ پیالی
تھائم کے پتے (چوپ کئے ہوئے)	½ چائے کا چمچہ
کُٹی ہوئی کالی مرچ	¼ چائے کا چمچہ
پانی	2 پیالی
نمک	ایک چائے کا چمچہ

ترکیب:

دیگچی میں مرغی اور پانی ڈال کر اُبالیں۔ گوشت گل جائے تو آنچ ہلکی کر کے 15 منٹ کے لئے چھوڑ دیں۔ اس میں پیاز، تھائم، کالی مرچ اور نمک ڈال کر ڈھک دیں اور 45 منٹ تک دَم پر رکھ دیں۔ اس کے اُوپر آئے ہوئے جھاگ کو چمچے سے نکال دیں۔ اس میں سے مرغی کو نکال دیں اور یخنی چھان کر دوسری دیگچی میں ڈال دیں۔ اس میں مرغی، سیلری، گاجر اور چاول ڈال دیں۔ آنچ ہلکی کریں اور ڈھکن ڈھانک کر 20 منٹ تک پکائیں۔ مزیدار سوپ پیالے میں نکال کر گرما گرم پیش کریں۔

Food Diaries

Raisin and Cashew Nut Crisps

Ingredients:

Milk chocolate (melted)	250 grams
Cashew nuts (roasted and crushed)	50 grams
Raisins	50 grams
Sugar	25 grams
Cherries	for garnishing

Method:

- Melt sugar in a saucepan till golden; remove and immediately spread on a greased tray; allow to cool and cut into pieces.
- Mix caramel crunch and remaining ingredients in a bowl.
- Place paper cups in a muffin tray; pour mix into each cup; garnish with cherries on top; refrigerate.

کاجواور کشمش کے کر[illegible]

اجزاء:

ملک چاکلیٹ (پگھلی ہوئی)	250 گرام
کاجو (بھنے اور کٹے ہوئے)	50 گرام
کشمش	50 گرام
چینی	25 گرام
چیریز	سجانے کے لئے

ترکیب:

ساس پین میں چینی پگھلا کر سنہری کریں۔ اسے فوری طور پر چکنی ٹرے پر پھیلا دیں۔ ٹھنڈی ہو جائے تو اس کے ٹکڑے کرلیں۔ ایک پیالے میں کرنچ سمیت تمام اجزاء ملالیں۔ مفن کے سانچے میں کاغذ کی پیالیاں رکھیں، چمچے کی مدد سے تیار آمیزہ اس میں ڈالیں اور چیریز سے سجا کر فرج میں رکھ دیں۔

Food Diaries

Fatoush

Ingredients:

Tomato	500 grams
Lettuce leaves	200 grams
Cucumber	500 grams
Turnip	100 grams
Parsley leaves (finely cut)	50 grams
Mint leaves (chopped)	50 grams
Capsicum	200 grams
Salt	to taste
Tortilla chips	1 cup

Dressing Ingredients:

Lemon juice	50 grams
Sumac powder	20 grams
Salt	1 pinch
Olive oil	50 grams

Method:

- Mix all dressing ingredients in a bowl.
- Add all other ingredients; serve.

فتوش

اجزاء:

ٹماٹر	500 گرام
سلاد کے پتے	200 گرام
کھیرا	500 گرام
لال مولی	100 گرام
اجمودہ (باریک کٹا ہوا)	50 گرام
پودینہ (چوپ کیا ہوا)	50 گرام
شملہ مرچ	200 گرام
نمک	حسب ذائقہ
ٹورٹیلاز چپس	ایک پیالی

ڈریسنگ کے اجزاء:

لیموں کا رس	50 گرام
سُمک پاؤڈر	20 گرام
نمک	ایک چٹکی
زیتون کا تیل	50 گرام

ترکیب:

ڈریسنگ کے اجزاء ایک پیالے میں ملائیں۔ اس میں فتوش کے باقی تمام اجزاء ملا کر پیش کریں۔

Chef at HOME

Meatball Kebabs

Ingredients:

Beef mince (finely ground)	½ kg
Onion (chopped)	½ cup
Green chillies (chopped)	1 tbsp
Fresh coriander (chopped)	2 tbsp
Ginger (chopped)	1 tbsp
Hot spices powder	1 tsp
Salt	to taste
Oil	2 tbsp

Method:

- Mix all ingredients in mince; shape into small meatballs.
- Heat oil in a frying pan; fry meatballs golden; dish out; serve hot.

کوفتہ کباب

اجزاء:

گائے کا قیمہ (باریک پسا ہوا)	½ کلو
پیاز (چوپ کی ہوئی)	½ پیالی
ہری مرچیں (چوپ کی ہوئی)	ایک کھانے کا چمچہ
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	2 کھانے کے چمچے
ادرک (چوپ کی ہوئی)	ایک کھانے کا چمچہ
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	2 کھانے کے چمچے

ترکیب:

قیمے میں تمام اجزاء اچھی طرح ملا کر چھوٹے چھوٹے کوفتے بنا لیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور کوفتوں کو سنہری تل کر نکال لیں۔ مزیدار کوفتہ کباب گرما گرم پیش کریں۔

Chef AT HOME

Kashmiri Mutanjan

Ingredients:

Mutton	½ kg
Rice (soaked)	½ kg
Onion (finely cut)	1
Onion (whole), Bay leaf	1 each
Garlic	1 bulb
Fennel seeds, Coriander seeds	2 tbsp each
Sugar, Lemon juice	2 tbsp each
Hot spices (whole)	1 tbsp
Red and green food colours	1 pinch each
Saffron (dissolved in milk)	a pinch
Mixed dry fruits	½ cup
Compote	¼ cup
Water	4 cups
Salt	to taste
Butter	¼ cup
Fried onion, Sterling silver leaves	for garnishing

Method:

- Place fennel seeds, coriander, whole onion and garlic in muslin cloth and tie into a pouch.
- Cook mutton, muslin pouch and water in a pot on medium heat till meat is tender; remove from flame.
- Remove meat from pot and set aside; strain stock; set aside.
- Melt butter in a separate pot; fry onion brown; add meat, hot spices and salt; fry.
- Add sugar, lemon juice, and rice; cook till dry.
- Add saffron, food colours, dry fruits and compote; keep on dum; dish out.
- Garnish with fried onion and silver leaves; serve.

کشمیری متنجن

اجزاء:

بکرے کا گوشت	½ کلو
چاول (بھیگے ہوئے)	½ کلو
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
پیاز (ثابت)، تیج پتا	ایک ایک عدد
لہسن	ایک پوتھی
سونف، ثابت دھنیا	2، 2 کھانے کے چمچے
چینی، لیموں کا رس	2، 2 کھانے کے چمچے
ثابت گرم مصالحہ	ایک کھانے کا چمچہ
کھانے کا لال اور ہرا رنگ	ایک ایک چٹکی
زاعفران (دودھ میں گھلا ہوا)	ایک چٹکی
مربے	¼ پیالی
ملے جلے میوے	½ پیالی
پانی	4 پیالی
نمک	حسب ذائقہ
مکھن	¼ پیالی
تلی ہوئی پیاز، چاندی کا ورق	سجانے کے لئے

ترکیب:

ململ کے کپڑے میں سونف، ثابت دھنیا، ثابت پیاز اور لہسن باندھ لیں۔ دیگچی میں گوشت، پوٹلی اور پانی ڈال کر درمیانی آنچ پر گوشت گل جانے تک پکا کر چولہا بند کر دیں۔ گوشت نکال کر علیحدہ رکھ لیں اور یخنی چھان کر محفوظ کر لیں۔ ایک علیحدہ دیگچی میں مکھن پگھلا کر پیاز بادامی کریں، اس میں گوشت، گرم مصالحہ اور نمک ڈال کر بھونیں، پھر چینی، لیموں کا رس اور چاول ڈال کر پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اس پر زاعفران، کھانے کے رنگ، میوے اور مربے ڈال کر دَم پر رکھ دیں۔ مزیدار متنجن ڈش میں نکالیں۔ اسے تلی ہوئی پیاز اور چاندی کے ورق سے سجادیں۔

Chef AT HOME

Fish Bun Kebabs

Ingredients:

Fish fillets	4
Round buns	4
Eggs	2
Green chillies (paste)	2 tbsp
Fresh coriander	¼ cup
Refined flour (sieved)	½ cup
Black pepper (crushed)	1 tsp
*Thousand Island dressing	as required
Salt	to taste
Oil	for frying
Lettuce leaves, cucumber, tomato (cut into rounds)	for decoration + filling

Method:

- Mix eggs, flour, green chillies, pepper, coriander and salt in a bowl; marinate fish with this mix; set aside a little while.
- Heat oil in a frying pan; fry fish golden from both sides; remove.
- Cut buns horizontally into halves; lightly roast on an iron griddle.
- Apply a layer of Thousand Island dressing on the lower half of buns; place fish, lettuce, cucumbers and tomatoes; drizzle dressing; cover with top half of buns.
- Decorate a dish with lettuce leaves, cucumber and tomato; place bun kebabs on top; serve.

* To make Thousand Island dressing mix ½ cup mayonnaise and ¼ cup tomato ketchup.

مچھلی کے بن کباب

اجزاء:

مچھلی کے قلے	4عدد	کُٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
گول والے بن	4عدد	☆ تھاؤزنڈ آئی لینڈ ڈریسنگ	حسب ضرورت
انڈے	2عدد	نمک	حسب ذائقہ
ہری مرچیں (پسی ہوئی)	2 کھانے کے چمچے	تیل	تلنے کے لئے
ہرادھنیا	¼ پیالی	سلاد پتے، کھیرا، ٹماٹر (قتلے)	سجانے کے لئے+ بھرنے کے لئے
میدہ (چھنا ہوا)	½ پیالی		

ترکیب:

ایک پیالے میں انڈے، میدہ، ہری مرچیں، کالی مرچ، دھنیا اور نمک ملالیں۔ مچھلی پر یہ آمیزہ لگا کر تھوڑی دیر کے لئے رکھ دیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور مچھلی دونوں جانب سے سنہری تل کر نکال لیں۔ بن کو گولائی میں درمیان سے کاٹ کر انہیں توے پر ہلکا سا سینک لیں۔ بن کے نچلے حصوں پر تھاؤزنڈ آئی لینڈ ڈریسنگ کی تہہ لگائیں، اس پر مچھلی، سلاد پتے، کھیرے اور ٹماٹر ڈال کر تھاؤزنڈ آئی لینڈ ڈریسنگ ڈالیں اور دوسرے حصوں کو اوپر سے رکھ دیں۔ ڈش کو سلاد پتے، ٹماٹر اور کھیرے سے سجائیں اس پر مچھلی کے مزیدار کباب رکھ کر پیش کریں۔

☆ ½ پیالی مایونیز اور ¼ پیالی ٹماٹو کیچپ کو ایک پیالے میں ملالیں۔

طبی مشورے

حاذق الہند حکیم سید ظفر یاب علیؒ شاہ دہلوی کے پوتے
رئیس اعظم طبیب العصر حکیم سید ظفر عسکریؒ کے صاحبزادے

پروفیسر ڈاکٹر حکیم سید اے این عسکری

پاکستان BUMS امریکہ PhD, D.D, MDH, NMD, MD امریکہ
شاہی طبیب عمائے دین سلطنت عزت مآب نواب آف جوناگڑھ اسٹیٹ

360 سالہ طبی خدمات

جناب پروفیسر حکیم سید اے این عسکری، نوابزادہ علی مرتضی خانجی، نواب جہانگیر خانجی نواب آف جوناگڑھ اسٹیٹ

طب نبوی (لاعلاج امراض کا علاج)

حضور خاتم المرسلین تمام اقوام وامم کے لئے طب نبوی نسخہ شفاء لے کر آئے۔ آپ کا یہ آخری نسخہ خداوندی مشرق ومغرب اور شمال وجنوب میں بسنے والی ہر قوم کے لئے یکساں ہے۔ جب بھی اور جس قوم نے بھی اس حیات آفریں نسخہ کو حرز جان بنایا اس نے شفاء حاصل کی۔ ہم تمام لاعلاج امراض کا علاج حجامہ اور طب نبویؐ کے شفاء بخش قیمتی مرکبات سے کرتے ہیں۔

سردیوں کا نسخہ خاص

یعنی ادرک اور گھیکوار کا حلوہ، ادرک 400 گرام، گھیکوار 200 گرام پیس کر 2 کلو گائے کے دودھ میں پکائیں مکھن، خالص گھی، روغن زیتون بقدر ضرورت، سوجی 300 گرام، شہد یا چینی حسب ذائقہ ڈال کر بھون لیں پستہ، کھوپرہ، چھوارے، چلغوزہ، اخروٹ، کشمش، تمام اشیاء 25-25 گرام، ببر الائچی 25 دانے، خشک 25 گرام، زعفران 5 گرام، بسباسہ دارچینی، جائفل جلوتری، 5 گرام باریک پیس کر ملا دیں، اعصابی کمزوری، بادی گٹھیا، تحفہ کھائیں اور جوان ہو جائیں۔

طب نبویؐ کا عظیم وشان نسخہ

جنت کے میوہ جات شہد خالص اور زعفران کا خاص مرکب پاور جام رنگ سرخ وسفید کرتا ہے دل دماغ نظر کو تیز کرتا ہے تمام جسمانی کمزوری کا علاج، طاقت کا خزانہ خاندان بھر کیلئے۔

ہائٹ کورس (لاکھوں چھوٹے قد والے دل چھوٹا نہ کریں)

لاجواب نسخہ کو 90 دن استعمال کریں 6 انچ تک قد بڑھائے ہزاروں نہیں لاکھوں افراد کا آزمودہ کامیاب ترین نسخہ ہیں 100% نتائج حاصل کرنے کے لئے اپنے معالج کی ہدایات پر 100% عمل کریں اور حیرت انگیز نتائج حاصل کریں۔

بیٹی اور بہو کو جڑواں بچے

(صائمہ فیضان کینیڈا کیلگری)

سوال: محترم حکیم صاحب میں نے اپنے بیٹے اور بیٹی کی بے اولادی کے سلسلہ میں آپ سے آٹھ ماہ قبل رجوع کیا تھا میری بیٹی کی اوری (بچہ دانی) میں سیسٹ تھا جبکہ بیٹے کے مردانہ جراثیم کی مقدار 10% فیصد تھی آپ نے میری بیٹی اور بیٹے کے لئے 90 دن کا کورس ارسال کیا تھا اس کے بعد ٹیسٹ رپورٹ دیکھیں تو میری اور کینیڈین ڈاکٹروں کی حیرت اور خوشی سے جھوم گئے کہ رپورٹ میں بیٹے کے جراثیم (سپرم) کی مقدار 70% فیصد تھی یہاں کینیڈین ڈاکٹرز نے بتایا کہ یہ اولاد پیدا کرنے کی نارمل مقدار ہے اور بیٹی کی رپورٹ میں اوری کی سیسٹ ختم ہو چکی ہے اور ہارمونز بھی نارمل ہیں جبکہ امریکن ڈاکٹرز نے اوری (بچہ دانی) کا آپریشن کے ذریعہ نکال دینے کا مشورہ دیا تھا۔

اس سے بڑھ کر خوشی کی بات یہ ہے کہ میری بہو جو سات سال سے بے اولادی کی شکار تھی اب امید سے ہیں اور بہو کی رپورٹ جڑواں بچوں کی ہے ہم آپ کے طبی معجزات کے پہلے ہی قائل تھے میرے بھتیجے نوشاد اور ارشاد علی دونوں بھی بے اولادی کے شکار تھے آپ کے علاج سے ان کی رپورٹس میں مردانہ جراثیم (سپرم) نارمل مقدار میں آرہی ہیں یہ بھی دس اور بارہ سال سے بے اولادی کے شکار ہیں امید ہے انہیں بھی شفاء یابی ہوگی۔

جواب: صائمہ فیضان صاحبہ یہ امر انتہائی خوشی کا ہے کہ آپ کے بیٹے اور بیٹی دونوں کی زندگی میں بہار آگئی ہے بیٹی بچے کی پیدائش کے تک دوا جاری رکھیں اور آپ کے دونوں بھتیجوں کی رپورٹس دیکھنے کے بعد آپ کیلئے ایک اچھی خبر ہے کہ 90 دن کا کورس پورا کروائیں اور اللہ کے حکم سے صاحب اولاد ہو جائینگے۔

2014 میں دنیا بھر سے 47700 موٹے خواتین وحضرات کا علاج

(دنیا بھر سے سینکڑوں موٹاپے کی شکار خواتین جواب خوبصورت، اسمارٹ اور دلکش جسم کی مالک بن گئی)

انہوں نے اپنے وزن میں 40 سے 60 کلو تک کمی کی اور تجویز کردہ بے زررفوڈ سپلیمنٹ پر مبنی سلمنگ کورس کے چند ماہ کے استعمال سے میٹابولیک سسٹم اور ہارمونز کی خرابیاں نہ صرف دور ہو گئیں بلکہ کمر اور جوڑوں کا درد، بلڈ پریشر اور موٹاپے سے پیدا ہونے والے مسائل سے بھی نجات مل گئی اور ان سب کا وزن تیزی سے کم ہونے کے ساتھ ساتھ اسکن ٹائٹنگ اور باڈی شیپنگ ہو گئیں اور یہ خواتین وحضرات اپنی عمر سے 10 سے 15 سال کم نظر آنے لگے ہیں۔

نسوانی حسن کی کمی

مس الینا ڈیفنس کراچی، زیشما ممبئی، مسز سلیم سعودی عرب، مس ریشم کراچی، مس نگینہ خان پشاور، مس گلزار اسلام آباد۔
آپ تمام خواتین کسی بھی ہچکچاہٹ کے بغیر فوری کورس منگوائیں آپکی زندگی ازدواجی پریشانیوں سے محفوظ رہے گی نسوانی حسن کی نشوونما ہی حقیقی حسن ہے۔

COURSES 30 DAYS

Course Perfect Body Figure 9500/-
Refacing Skin Whitening 7500/-
Height 6500/- Ex Slimming 6500/-
Weight Gaining 6500/- Sugar 6500/-
Hepatitis 9500/-
Men & Women Formula 9500/- Result 100%
No Side Effects Food Supplements

بیرون ملک اور دیگر شہروں کے مریض ہم سے ادویات بذریعہ پارسل طلب کر سکتے ہیں۔

نوٹ: رقم آن لائن MCB بینک
اکاؤنٹ نمبر 114902010030421
عسکری بینک اکاؤنٹ نمبر 0320207894 یا بذریعہ
ایزی پیسہ ارسال کر کے مکمل ایڈریس ایس ایم ایس یا ای میل کریں
منجانب اللہ

موٹاپا کورس پر صرف -/6,500 گوری رنگت، کیل، مہاسوں، جھریوں، چھائیوں کے خاتمے کیلئے خصوصی ڈسکاؤنٹ صرف -/6,500 شوگر، امراض قلب، ہیپاٹائٹس، فالج، کینسر، ٹیومر، جوڑوں کے درد، ریڑھ کی ہڈی، کمر کے مہرے، خواتین کے امراض اوری (رحم) کی سیسٹ، بریسٹ کینسر، خرابی ایام، لیکوریا، زنانہ مردانہ بانجھ پن کے مریض اپنی رپورٹس کے ہمراہ تشریف لائیں یا ای میل کریں کراچی، راولپنڈی، اسلام آباد اور لاہور کے مریض مرض کی تشخیص اور علاج کیلئے کال یا ای میل کے ذریعے اپائنٹمنٹ لے سکتے ہیں۔

ASKARI HERBAL'S Health & Beauty Clinic

Help Line 0333-2151933 E-mail: askariherballab@gmail.com Facebook/DrASKARI Skype/dr.askari

CLINICS: Islamabad 0305-2799901, Lahore Old City Pani Wala Talab 0312-3419070 | APTC بلڈنگ (سابقہ ARY کیشن کیری) فرسٹ فلور A110 راشد منہاس روڈ بالمقابل ملینیم مال گلستان جوہر کراچی۔

ایم اے جناح روڈ 10/5، 10 فلور، رمپا پلازہ، ایم اے جناح روڈ کراچی فون: 021-32723680 | ڈیفنس فیز V، 1st فلور، 27th اسٹریٹ، پلاٹ نمبر C-21، توحید کمرشل ایریا ڈی ایچ اے، کراچی فون: 021-35834872

Chef AT HOME

Queen Cake

Ingredients:

Refined flour (sieved)	1 cup
Black raisins	½ cup
Baking powder	½ tsp
Sugar	¼ cup
Egg	1
Lemon zest	1 tbsp
Cream (fresh)	1 tbsp
Butter	¼ cup + for brushing

Method:

- Brush a 6-inch cake pan with butter; layer with raisins.
- Mix baking powder with flour.
- Beat butter and sugar with electric beater till creamy; add egg, lemon zest and ½ flour; mix.
- Add cream to remaining flour; add to butter.
- Pour in cake pan; bake in a pre-heated oven at 175°C for 30 minutes; remove.
- Flip cake over on a plate; serve.

کوئن کیک

اجزاء:

میدہ (چھنا ہوا)	ایک پیالی
کالی کشمش	½ پیالی
بیکنگ پاؤڈر	½ چائے کا چمچہ
چینی	¼ پیالی
انڈا	ایک عدد
لیموں کے چھلکے	ایک کھانے کا چمچہ
تازہ کریم	ایک کھانے کا چمچہ
مکھن	¼ پیالی + چکنا کرنے کے لئے

ترکیب:

پڈنگ کے 6 انچ کے سانچے کو مکھن سے چکنا کریں اور کشمش کی تہہ لگا دیں۔ میدے میں بیکنگ پاؤڈر ملا لیں۔ مکھن اور چینی کو الیکٹرک بیٹر کی مدد سے اتنا پھینٹیں کہ وہ کریم کی طرح سے ہو جائے۔ انڈے، لیموں کے چھلکے اور ½ میدے کو اس آمیزے میں ملا لیں۔ باقی میدے میں کریم ملا کر مکھن میں شامل کر دیں۔ اس آمیزے کو سانچے میں ڈال کر پہلے سے گرم اوون میں 175°C پر 30 منٹ تک پکا کر نکال لیں۔ مزیدار کیک پلیٹ پر اُلٹ کر نکالیں اور گرما گرم پیش کریں۔

LIVELY WEEKENDS

Zarnak

Mint and Carrot Soup

Ingredients:

Carrots	250 grams
Onion	1
Garlic	1 clove
Vegetable stock	4 cups
Keenu juice	½ cup
Mint leaves	2 tbsp
Butter	1 tbsp

Method:

- Melt butter in a pot; add carrots, onion, garlic, and vegetable stock.
- Cook till carrots are tender.
- Allow to cool; strain.
- Add keenu juice and mint; dish out and serve.

گاجر کا پودینے والا سوپ

اجزاء:

گاجر	250 گرام
پیاز	ایک عدد
لہسن	ایک جوا
سبزی کی یخنی	4 پیالی
کینو کا جوس	½ پیالی
پودینہ کے پتے	2 کھانے کے چمچے
مکھن	ایک کھانے کا چمچہ

ترکیب:

دیگچی میں مکھن پگھلا کر گاجر، پیاز، لہسن اور سبزیوں کی یخنی ڈال کر گاجر گلنے تک پکائیں۔
اسے ٹھنڈا کر کے چھان لیں۔ اس میں کینو کا جوس اور پودینہ شامل کر کے پیش کریں۔

LIVELY WEEKENDS

Mrs. Sabra

Butter Chicken

Ingredients:

Chicken pieces (boneless)	½ kg
Chicken tikka masala (packaged)	1 tbsp
Yogurt (whipped)	½ cup
Hot spices powder	¼ tsp
Lemon juice	1 tbsp
Red chilli powder	1 tbsp
Tomato puree	2 cups
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Black pepper powder	1 tsp
White pepper powder	½ tsp
Dried fenugreek leaves	1 tsp
Salt	1 tsp
Butter	50 grams
Oil	1 tbsp
Cream	for garnishing

Method:

- Marinate chicken with yogurt, oil, lemon juice, red chillies, tikka masala, hot spices, and salt; set aside for 1 hour.
- Melt butter in a pot; add tomato puree, ginger/garlic, black pepper, white pepper, fenugreek; cool till thick.
- Add chicken; cook till tender; dish out.
- Garnish with cream; serve.

مرغ مکھنی

اجزاء:

مرغی کی بوٹیاں (بغیر ہڈی)	½ کلو
چکن تکہ مصالحہ (پیکٹ والا)	ایک کھانے کا چمچہ
دہی (پھینٹی ہوئی)	½ پیالی
پسا ہوا گرم مصالحہ	¼ چائے کا چمچہ
لیموں کا رس	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
ٹماٹر کی پیوری	2 پیالی
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی سفید مرچ	½ چائے کا چمچہ
قصوری میتھی	ایک چائے کا چمچہ
نمک	ایک چائے کا چمچہ
مکھن	50 گرام
تیل	ایک کھانے کا چمچہ
کریم	سجانے کے لئے

ترکیب:

مرغی پر دہی، تیل، لیموں کا رس، لال مرچ، تکہ مصالحہ، گرم مصالحہ اور نمک ملا کر ایک گھنٹے کے لئے رکھ دیں۔ دیگچی میں مکھن پگھلائیں، اس میں ٹماٹر کی پیوری، لہسن ادرک، کالی مرچ، سفید مرچ اور قصوری میتھی ملا کر پکائیں۔ آمیزہ گاڑھا ہو جائے تو مرغی ڈال کر گوشت گلنے تک پکا کر ڈش میں نکال لیں۔ مزیدار مرغی کریم سے سجا کر پیش کریں۔

LIVELY WEEKENDS

Rida

Chicken Masala Wings

Ingredients:

Chicken wings	½ kg
Refined flour	1 cup
Eggs	2
Ginger paste	1 tsp
Red chilli powder	1 tsp
Worcestershire sauce	1 tbsp
Cornflour	2 tbsp
Cumin seeds (roasted)	1 tsp
Green chillies (paste)	1 tsp
Chinese salt	½ tsp
Salt, Black pepper powder	to taste
Oil	for frying

Method:

- Marinate chicken wings with ginger, red chillies, pepper, cumin, green chillies, Chinese salt, Worcestershire sauce and salt; set aside.
- Coat wings first with flour, then cornflour and finally eggs.
- Heat oil in a wok; fry wings golden; dish out.

مرغی کے مصالحہ دار پر

اجزاء:

مرغی کے پر	½ کلو
میدہ	ایک پیالی
انڈے	2 عدد
پسا ہوا ادرک	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچہ
ووسٹر شائر ساس	ایک کھانے کا چمچہ
کارن فلور	2 کھانے کے چمچے
بھنا ہوا سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
ہری مرچیں (پسی ہوئی)	ایک چائے کا چمچہ
چائنیز نمک	½ چائے کا چمچہ
نمک، پسی ہوئی کالی مرچ	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کے لئے

ترکیب:

مرغی کے پروں پر ادرک، لال مرچ، کالی مرچ، زیرہ، ہری مرچیں، چائنیز نمک، ووسٹر شائر ساس اور نمک ملا کر رکھ دیں۔ مرغی کے پروں کو پہلے میدے، پھر کارن فلور اور پھر انڈوں میں لپیٹیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں اور مرغی کے پر سنہری تل کر نکال لیں۔

LIVELY WEEKENDS

Mrs. Faheem

Easy Peasy Halwa

Ingredients:

Semolina	250 grams
Green cardamoms	10
Condensed milk	1 cup
Almonds (finely cut)	10 + for sprinkling
Pistachios (finely cut)	10 + for sprinkling
Clarified butter	1 cup + for brushing

Method:

- Heat clarified butter in a wok; fry cardamoms; add semolina; fry till aroma arises.
- Add condensed milk, almonds and pistachios; cook for a few minutes.
- Brush clarified butter on a dish; place halwa in it; level with a spoon.
- Sprinkle almonds and pistachios; refrigerate and allow to set.
- Cut halwa into pieces; serve.

ایزی پیزی حلوہ

اجزاء:

سوجی	250 گرام
چھوٹی الائچیاں	10 عدد
کنڈینسڈ ملک	ایک پیالی
بادام (باریک کٹے ہوئے)	10 عدد + چھڑکنے کے لئے
پستے (باریک کٹے ہوئے)	10 عدد + چھڑکنے کے لئے
گھی	ایک پیالی + چکنا کرنے کے لئے

ترکیب:

کڑاہی میں گھی گرم کرکے الائچیاں بھون لیں۔ اس میں سوجی ڈال کر خوشبو آنے تک بھونیں' پھر کنڈ ینسڈ ملک' بادام اور پستے ڈال کر چند منٹ مزید پکائیں۔ ڈش کو گھی سے چکنا کریں اور حلوہ ڈال کر چمچے سے ہموار کریں' پھر بادام پستے چھڑک کر فرج میں جمنے کے لئے رکھ دیں۔ مزیدار حلوہ ٹکڑے کاٹ کر پیش کریں۔

سرد موسم سے نہ گھبرائیں

محض چند احتیاطی تدابیر اختیار کرنے سے موسم کے نقصانات [illegible] سے بچا جاسکتا ہے

موسم سرما پوری آب و تاب کے ساتھ آچکا ہے۔ ہمارے جسم کے لئے یہ موسم بہت [illegible] ہوتا ہے۔ سردیوں کا موسم اُن لوگوں کے لئے صحت و توانائی کا موسم ثابت ہوتا ہے جو اس کا مقابلہ ورزش' مقوی غذاؤں اور ضروری احتیاطی تدابیر سے کرتے ہیں' اور دلچسپ امر یہ ہے کہ محض چند احتیاطی تدابیر اختیار کرنے سے موسم کے نقصانات سے بچا جاسکتا ہے۔

سرد موسم میں گرم اور نرم غذائیں مثلاً گوشت یا چنے کی یخنی کے ساتھ جوشاندہ پینا بہتر ہے۔ دودھ والی چائے کے بجائے جڑی بوٹیوں پر مشتمل چائے پئیں۔ اس موسم میں یخنی اور شوربے میں لہسن کے 4 یا 5 جوے شامل کرکے پینا بھی بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

موسم سرما میں ہاتھوں کی صفائی کا خیال رکھیں' کیونکہ نزلہ اور زکام کے جراثیم ایک سے دوسرے فرد میں مختلف چیزوں کو چھونے سے ہاتھ میں اور وہاں سے منہ' ناک اور کان میں منتقل ہوکر بیماری پھیلاتے ہیں۔ اس لئے بار بار ہاتھ دھونے سے اس تکلیف دہ مرض سے بچا سکتا ہے۔

درست مقدار میں صحت بخش غذائیت اور معدنیات کھانے سے نزلے اور زکام کے جرثوموں کے خلاف جنگ کے لئے بھرپور طاقت مل جاتی ہے۔ اس موسم میں چربی والی غذاؤں اور زیادہ مٹھاس سے گریز کرکے سبزیوں' پھلوں اور کم حیاتین والے کھانوں کا استعمال کیا جانا چاہئے۔ سردی کے موسم میں جست پر مشتمل خوراک لینی چاہئے کیوں کہ جست بطور خاص نزلے اور زکام کے لئے بہترین ہوتا ہے۔ جست جسم کے اندر خلیات میں جرثوموں کی رسائی میں مداخلت کرتا ہے' جس سے نزلے اور زکام کی تکلیف لاحق نہیں ہوتی۔

موسم سرما میں جراثیم کش لہسن سردی کے جر[illegible] خلاف مزاحمت کرتا ہے۔ مرغی کے سوپ [illegible] ساتھ اس کا استعمال فائدہ مند ہوتا ہے۔ سردیو[illegible] اور ادرک ملی زود ہضم ٹھوس غذ[illegible] کھائی جانی چاہئیں۔ سردی کے امراض کے مقابلے [illegible] حیاتین ج اور ہری مرچیں استعمال [illegible] روزانہ کسی بھی کھانے کے ساتھ لہسن اور ہری مرچوں کی تھوڑی سی چٹنی کھانے [illegible] قوت مستحکم رہتی ہے۔ لہسن خاص طور پر بوڑھوں کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے' [illegible] میں کولیسٹرول کی سطح کم کرکے بلند فشار خون کا موثر علاج ہے' تاہم ہری مرچوں اور لہسن [illegible] میں اعتدال سے کام لینا ضروری ہے۔

سردی کے موسم میں جسم کو حرارت پیدا کرنے والی [illegible] اور معدنیات سے بھرپور غذائیں ملتی رہنی چاہئیں' اس کے لئے مچھلی اور اس کا تیل بہتر [illegible] موسم میں جسم مقوی ناشتے کا متقاضی ہوتا ہے' اس لئے ناشتے میں گندم یا جئی (اوٹس) [illegible] شہد یا گڑ کے ساتھ کھانا زیادہ مفید ہوتا ہے۔ اسی دلیے میں ایک نیم برشت انڈا [illegible] پھلی کے دانے' میٹھی دہی' کسی موسمی پھل کی قاشیں' ہری مرچیں اور پودینے کی [illegible] ملائی جاسکتی ہے۔

روزمرہ کھانے میں فولاد والی غذائیں' موسمی سبزیاں اور خشک میوے کھائے جانے چاہئیں۔ ان کے استعمال سے جسم میں حرارت اور توانائی برقرار رہتی ہے۔ دن میں 7 سے 8 گلاس پانی اور دودھ بھی پیا جانا چاہئے۔ خوبانی' منقے' پستے' کھجور' سیب' چقندر' پالک اور شلجم کے استعمال سے فولاد کا حصول ممکن ہے' جب کہ تازہ کلیجی فولاد کے علاوہ حیاتین ''ب'' اور ''الف'' کا بہترین ذریعہ ہوتی ہے۔ ■

شہر شہر کی خبریں

ملک بھر میں ہونے والی نمایاں تقریبات کی خبروں اور تصاویر پر مبنی سلسلہ

برٹش کونسل کی جانب [illegible] تقریب

گزشتہ دنوں پرل کانٹی نینٹل ہوٹل [illegible] کونسل کراچی کی جانب سے کنارے سے آگے [illegible] (Moving from the Margins) کے عنوان سے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس تقریب کے انعقاد کا مقصد پاکستان کے مختلف [illegible] میں معذور افراد کی ملازمتوں کی فراہمی اور اس کی اہمیت پر تبادلہ خیال تھا۔ تقریب کی میزبانی [illegible] برٹش کونسل پاکستان اور بلوچستان کی ڈائریکٹر باربرا وکہم کر رہی تھیں۔ تقریب میں [illegible] کی بڑی تعداد شریک ہوئی جن کی تواضع پُرتکلف چائے سے کی گئی۔

مرر میں حسن و آرائش کی نمائش

گزشتہ دنوں معروف بیوٹیشن تانی نے کراچی میں اپنے [illegible] مرر' کی ری لانچ کی تقریب کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر حسن و آرائش کی ایک نمائش بعنوان آئینے کا نیا چہرہ (New face of mirror's) کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں ماہرین نے ماڈلز پر میک اپ اور بالوں کے جدید انداز پیش کیے۔ تقریب کے شرکاء کے لئے چائے کا اہتمام کیا گیا۔

معذوروں کے عالمی دن کے موقع پر تقریب کا انعقاد

معذوروں کے عالمی دن کے موقع پر دارالسکون کی جانب سے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں ''ایسے لوگ جنہیں بہت کم سمجھا گیا ہے کو سمجھنا'' کے عنوان سے ایک پورے دن کی کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ اس کانفرنس کے انعقاد کا مقصد معذور افراد کی مدد کے حوالے سے معروف اسکالروں، معذوروں کی مدد کرنے والی تنظیموں، سماجی اداروں، پالیسی سازوں، متعلقہ حکومتی ذمہ داروں، قانون سازوں، فلسفیوں اور اسٹیک ہولڈروں کو یکجا ہونے کے لئے پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا۔ اس موقع پر معززین شہر کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ شرکاء کے لئے ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔

سفائر کے پہلے اسٹور کی افتتاحی تقریب

پاکستان میں سوت، اعلیٰ معیار کے ملبوسات اور تیار شدہ ٹیکسٹائل مصنوعات فروخت کرنے والے سفائر گروپ نے گزشتہ دنوں ڈالمن مال کلفٹن کراچی میں معروف ڈیزائنر خدیجہ شاہ کے [illegible] پہلے اسٹور ''سفائر'' کی بنیاد رکھ دی۔ اس موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی جس میں [illegible] کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب میں سفائر کی جانب سے ان کے منفرد ملبوسات [illegible] نمونوں نے حاضرین کے دل موہ لئے۔ تقریب کے شرکاء کو پُرتکلف لوازمات پیش کئے گئے۔

فیشن پاکستان کونسل کی جانب سے فیشن شو کا انعقاد

فیشن پاکستان کونسل کی جانب سے میبی لین ملینین فیشن کے عنوان سے فیشن شو کا انعقاد عمل میں آیا، جس میں نئے اُبھرتے ہوئے فیشن ڈیزائنرز عالش منصور، نتاشا یعقوب، سمیر سائیں، عیل عمانیول اور مدیحہ رضا کے کام کو پیش کیا گیا۔ اس موقع پر مختلف ماڈلوں نے فیشن ڈیزائنرز کے ملبوسات کو اپنے مخصوص انداز میں حاضرین کے سامنے پیش کیا۔ مہمانوں کی تواضع چائے سے کی گئی۔

ج[illegible]نی نظام کے [illegible] بہترین لوکی

لوکی دنیا کی قدیم پیداو[illegible] سے ایک ہے جومختلف اشکال او[illegible] پائی جاتی ہیں

سبزیوں اور پھلوں کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں لیکن کچھ پھل اور سبزیاں ا[illegible] بے تحاشہ فوائد ہونے کے باوجود لوگ عام طور پر کھانا پسند نہیں کرتے۔ ایک ایسی ہی سبز[illegible] ہے لوکی کا حلوہ وہ واحد ڈش ہے جسے تقریباً ہر خاص و عام پسند کرتا ہے۔ اس کے علاوہ لوکی کو پسند کرنے والوں کی شرح بہت کم ہے۔

لوکی کو 3500 قبل مسیح سے افریقہ میں کاشت کیا جارہا ہے' تاہم آج اسے بھارت' سری لنکا' انڈونیشیا' ملائشیا' فلپائن' چین' ٹراپیکل افریقہ اور جنوبی امریکہ سمیت دیگر کئی ممالک میں بڑے پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے۔ 100 گرام لوکی میں 96.1 فیصد نمی' 0.2 فیصد حیاتین' 0.1 فیصد چکنائی' 0.6 فیصد ریشہ' 0.5 فیصد معدنیات' 2.5 فیصد کاربوہائیڈریٹس' 10 ملی گرام فاسفورس' 0.7 ملی گرام فولاد اور 20 ملی گرام کیلشیم ہوتی ہے۔

لوکی بیل پر پرورش پاتی ہے اور جب اس کا پھل پک کر تیار ہوتا ہے تو اس کی فصل کاٹی جاتی ہے۔ اسے سبزی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے' یا پھر پکنے کے بعد سکھا کر بطور بوتل اور برتن کے استعمال کیا جاتا ہے' اس وجہ سے لوکی کو عام طور پر بوٹل گورڈ (bottle gourd) کے نام سے بھی پہچانا جاتا ہے۔ اس کے تازہ پھل کا رنگ ہلکا سبز ہوتا ہے جب کہ گُودا سفیدی مائل گلابی ہوتا ہے جس میں سفید بیج ہوتے ہیں۔ لوکی دنیا کی قدیم پیداواروں میں سے ایک ہے جو مختلف اشکال اور اقسام میں پائی جاتی ہیں۔ کچھ کی جسامت بڑی اور گول ہوتی ہے' تو کچھ چھوٹی جسامت کی مالک اور بیلن نما بھی ہوتی ہیں' یا پھر یہ لمبوتری شکل میں پائی جاتی ہیں جن کی لمبائی ایک میٹر تک ہوتی ہے۔ لوکی لمبوتری یا گول' پیلے اور سبز رنگ میں پیدا ہوتی ہے' اس کا گُودا سفید اور اسفنج کی مانند ہوتا ہے۔ براعظم افریقہ میں لوکی کی کچھ اقسام گولائی نما ہوتی ہیں جن کی جسامت اس قدر بڑی ہوتی ہے کہ درمیان سے کاٹ کر ان کے دونوں حصوں کو اندر سے صاف کر کے پانی رکھنے یا [illegible] برتنوں کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ فارسی زبان میں اس طرح کی لوکی کو "تونبہ" [illegible] اور [illegible] کر بالکل گہرے پیالے کی [illegible] اختیار کرلیتی ہے۔ جس کا خول انتہائی مضبوط ہوتا [illegible] سے ایشیا' یورپ اور امریکہ [illegible] کی نقل و حمل کے ذریعے پہنچی۔ کچھ علاقوں [illegible] کے طور پر کھائی گئی یعنی اس کو [illegible] اور کھیر میں استعمال کیا گیا اور کچھ علاقوں میں اس کو ترکاری کے طور پر بھی پکایا گیا۔

لوکی کے بہت سے فوائد ہیں [illegible] استعمال ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ کی سنت بھی ہے۔ لوکی فشار خون کے لئے بہت فا[illegible] یہ خون کے جوش کو ختم کرتی ہے۔ اس مقصد کے لئے لوکی کے پانی میں کڑھی پتے ابالیں [illegible] کو صبح شام استعمال کریں' علاوہ ازیں لوکی گرم امراض مثلاً بخار اور کھانسی میں بہت [illegible] پکی ہوئی لوکی ٹھنڈک بخشنے کی صلاحیت رکھتی ہے' اس کے کھانے سے تسکین پہنچتی ہے [illegible] کی بیماریوں' ضرورت سے زیادہ پیاس' ڈائریا' بے خوابی اور ذیابیطس کے مرض میں [illegible] ہوتا ہے۔ لوکی کا جوس حرارت اور پیاس میں تسکین بخشتا ہے' اس لئے اسے گرمیوں [illegible] کثرت سے استعمال کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

لوکی کو سالن اور بھجیا میں مختلف طریقوں سے کھایا اور پکایا جاتا ہے۔ لوکی کا حلوہ بھی تیار کیا جاتا ہے۔ یہ لذیذ حلوہ نہایت شوق سے کھایا جاتا ہے۔ لوکی کا رائتہ بھی تیار کیا جاتا ہے۔ لوکی کا مزیدار رائتہ گرمیوں میں بکثرت کھایا جاتا ہے کیوں کہ اس کے کھانے سے گرمی کا احساس کم ہوتا ہے۔ ■

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہم مصالحہ کا نئے سال میں نیا انداز

[illegible]راست پیش کئے جانے والے پروگراموں [illegible] کے اوقات میں تبدیلی کے ساتھ نئے پروگرام بھی پیش کئے جائیں گے

اپنے [illegible] میں "ہم مصالحہ" نے تسلسل سے اپنے معیار [illegible] ناظرین کو اپنے سحر میں [illegible]۔ تبدیلیوں کے اس عمل کا سلسلہ برقرار [illegible] سال میں ایک بار پھر "ہم مصالحہ" [illegible] انداز میں اپنے ناظرین کے سامنے آرہا ہے۔ [illegible] جانب براہ راست پیش کئے جانے [illegible] پروگراموں کے اوقات کار تبدیل کئے جا[illegible] ہیں تو دوسری جانب کئی دلچسپ اور معلوماتی [illegible] پروگرام بھی پیش کئے جائیں گے۔

نئے سال میں مصالحہ کے براہ راست [illegible] والے پروگراموں میں اب جو تبدیلیاں آئی ہیں اس کے مطابق مصالحہ مارننگز 11 بجے [illegible] کر دوپہر 12:30 تک، تڑکا دوپہر ایک بجے سے 2 بجے تک، دعوت 3 بجے سے 4:30 بجے [illegible] 5 سے 6 بجے تک جب کہ فوڈ ڈائریز 7 سے 8 بجے تک پیش کیا جائے گا۔

ہم مصالحہ شیف گلزار قبل ازیں "لائیو ایٹ نائن" کے نام سے رات 9 سے 10:30 [illegible] اپنا براہ راست پروگرام پیش کرتے تھے لیکن اب وہ ایک نئے وقت پر "دعوت" میں اپنے دیکھنے والوں کو جاپانی، تھائی، چائنیز کے ساتھ ساتھ دیسی کھانے پکانے سکھائیں گے۔

حسب سابق ہفتے اور اتوار کی صبح 11 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک لائیولی ویک اینڈز اور 5 بجے سے 6:30 بجے تک چسکا پکانے کا پیش کئے جائیں گے۔

پیر سے جمعہ تک روزانہ 12:30 سے ایک بجے دوپہر تک فوڈ پلانٹ، 2 بجے سے 2:30 بجے تک فوڈ فینٹیسی جب کہ 2:30 بجے سے 3 بجے تک چٹ پٹے چٹخارے کے نام سے نئے ریکارڈڈ پروگرام پیش کئے جائیں گے۔

فوڈ فینٹیسی کی شیف رابعہ نے نوا (NOVA) سے کلنری آرٹ میں ڈپلومہ حاصل کیا ہے جب کہ شیفنی کے نام سے ذاتی کاروبار بھی کر رہی ہیں۔ کھانا پکانے کی شوقین رابعہ مختلف نئے اور پرانے ریسٹورانوں میں جا کر اُن کے کھانوں سے لطف اندوز ہوں گی اور پھر باورچی خانے میں واپس آ کر اپنے قارئین کے لئے بالکل اسی انداز میں وہی ڈش تیار کریں گی۔

فوڈ پلانٹ کی کک عظمیٰ مشہور، صحت مند اور غذائیت سے بھرپور کھانے پکانے کی ماہر ہیں۔ انہوں نے ورلڈ بینک کے مقامی اور بیرونی ملک کام کرنے والے اسٹاف کے لئے ان کے کک اور ان کے نئے مینو کی ترتیب کے لئے کنسلٹنٹ کے فرائض انجام دیئے ہیں۔ ان [illegible] عظمیٰ ہر عمر کی خواتین کو کلنری آرٹ، تقاریب کے لئے کیٹرنگ اور بزنس میٹنگ کے [illegible] تربیت [illegible]ہم کر رہی ہیں۔ اپنے پروگرام میں کھانا پکانے کے علاوہ عظمیٰ کھانوں کے بنیادی [illegible] محفوظ [illegible] استعمال کرنے کے لئے طریقے بھی سکھائیں گی۔

چٹ پٹے چٹخارے [illegible] والے شیف عرفان ہم مصالحہ کے ناظرین کے لئے نئے نہیں ہیں۔ اپنے اس پروگرام [illegible] کو مختلف مصالحوں کو زیادہ بہتر طریقے سے استعمال کرتے ہوئے مصالحے دار [illegible] کے طریقے بتائیں گے۔

ہفتے اور اتوار کی دوپہر 12:30 سے ایک [illegible] 2 بجے سے 2:30 بجے تک کچن [illegible]ٹن جب کہ 2:30 سے 3 بجے شیف اسپیشل [illegible] جا[illegible]

[illegible] میں شیف انسٹیٹیوٹ آف پاکستان سے [illegible] نے والی صبا اپنے ناظرین [illegible] جانے والے نمکین اور میٹھے کھانے پکانے سکھا[illegible]۔

شیف اسپیشل [illegible] جس میں ہم مصالحہ کے شیفس شہر کے معروف ریسٹوران لال قلعہ جا کر اُن کے خا[illegible] تراکیب ناظرین تک پہنچائیں گے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ ریسٹوران کے شیف اپنے باورچی [illegible] بنائے جانے والے مزیدار کھانوں کے اہم رازوں سے ناظرین کو آگاہ کریں گے۔

جہاں بات ہو کچن گارڈننگ کی وہاں توفیق پاشا موراج [illegible] ذہن میں آجاتا ہے جو پہلے بھی ہم مصالحہ کے ناظرین کو گھروں میں آسانی سے سبزیاں [illegible] اور پھل اُگانے کی تراکیب بتاتے تھے۔ توفیق پاشا ایک بار پھر نئے انداز میں ہم مصالحہ [illegible] کو نہ صرف سبزیاں، جڑی بوٹیاں اور پھل اُگانے کے لئے رہنمائی فراہم کریں گے بلکہ [illegible] پکانے بھی سکھائیں گے۔ ■

KITCHEN GARDEN

وہمی ہے دنیا ساری

مغرب میں یہ مانا جاتا ہے کہ نمک گرادیا جائے تو شیطانی روحیں آپ پر سوار ہو جاتی ہیں

نیر رباب

کیلا دنیا کا وہ پھل ہے جو سب سے زیادہ کھایا جاتا ہے اور بچوں سے لے کر بوڑھے تک اسے عموماً شوق سے کھاتے ہیں اور پسند کرتے ہیں لیکن بہت سے لوگوں کا وہم ہے کہ اگر آپ بدقسمتی کو اپنے سے دُور رکھنا چاہتے ہیں تو کبھی کیلے کو کاٹیں نہیں بلکہ کیلے کو چھوٹے ٹکڑوں میں ہاتھ سے توڑ کر استعمال کریں۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جو لوگ کیلے کا چھلکا ایسے ہی بے دھیانی سے پھینک دیتے ہیں ان کی موت بہت تکلیف دہ ہوتی ہے (یہ بات بھی بچوں اور بڑوں کو ڈرانے اور سمجھانے کے لئے بنائی گئی لگتی ہے تاکہ کیلے کے چھلکے سے پھسل کر کسی کی ہڈی پسلی نہ ٹوٹے!)

چائے ایک ایسا مشروب ہے جو پاکستان میں ہی نہیں دنیا بھر میں بہت شوق سے پیا جاتا ہے۔ چائے کے بارے میں بھی بڑی کہانیاں مشہور ہیں جیسے گرم چائے گرمی میں ٹھنڈک پہنچاتی ہے کیونکہ لوہا لوہے کو کاٹتا ہے' رشتہ کرنے جاؤ تو یہ دیکھو لڑکی نے چائے کیسے پیش کی' چائے کا ذائقہ کیسا تھا' وغیرہ' وغیرہ مگر دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی چائے کے بارے میں بڑی دلچسپ باتیں مشہور ہیں' جیسے اگر کوئی لڑکی چائے میں چینی سے پہلے دودھ ڈال دے تو اس کی شادی ہونا مشکل ہے۔ چائے کی پیالی کی تہہ میں اگر بغیر گھلی ہوئی چینی نظر آئے تو سمجھ لیں کوئی آپ کے عشق میں گرفتار ہے (اور اس کو ڈھونڈنا اب آپ کا کام ہے۔) اگر چائے دانی میں چائے [illegible] جائے تو اس کا مطلب ہے کہ کوئی اجنبی آپ کے گھر مہمان ہوگا اور اگر آپ اپنے گھر [illegible] آسیب سے بچانا چاہتے ہیں تو گھر کے دروازے پر چائے کی پتی بکھیر دیں' بدروحیں دا[illegible] گی۔ چائے کی پلیٹ میں اگر اتفاق سے دو چمچے رکھ دیئے جائیں تو اس کا مطلب [illegible] شادیاں ہوں گی یا پھر جڑواں بچے پیدا ہوں گے۔ تو رہئے محتاط! کہیں آپ کو بھی د[illegible] جائیں!

یوگنڈا میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ عورتیں اگر [illegible] گوشت کھائیں گی تو اُن کے چہرے پر [illegible] نکل آئیں گے۔

[illegible] لوبیا زیادہ شوق سے نہیں کھائی جاتی کیونکہ وہاں [illegible] رہنے والوں کا ماننا ہے کہ لوبیا کھا[illegible] سیاہ ہو جاتا ہے۔ اس لئے ان میں بھی جو بہت سیاہ فام ہو اس کے لئے یہی کہا جاتا [illegible] لوبیا زیادہ کھائی ہوگی۔

یورپ میں ایک زمانے [illegible] اور آج بھی شادی کے کیک کا ایک سلائس چھپا کر رکھ لیا جاتا ہے۔ اگر سال بھر تک یہ [illegible] تو میاں بیوی دونوں کے لئے خوش قسمتی اور خوشگوار ازدواجی زندگی کا سبب ہوتا ہے۔ [illegible] اور حتیٰ کہ انڈیا میں بھی جب کوئی شخص سفر پر جاتا ہے یا اپنی ملازمت کے لئے انٹرویو [illegible] کے پیچھے پانی پھینکا جاتا ہے تاکہ وہ کامیاب رہے کیونکہ پانی کو حرکت سے تعبیر کیا جا[illegible] ہی یہ بھی سمجھا جاتا ہے کہ اگر آپ کی زبان دانتوں میں آجائے تو اس کا مطلب ہوتا [illegible] کی دادی اماں آپ کے لئے کیک بنانے والی ہیں جب کہ پاکستان میں اس کا مطلب یہ لیا جاتا ہے کہ کہیں کسی نے آپ کو گالی دی ہے۔

ہمارے وہم ہماری ثقافت کی چاشنی ہوتے ہیں اور اگر غور کیا جائے تو جن چیزوں کو برا شگون سمجھا جاتا ہے ان میں کوئی توجیہہ ضرور چھپی ہوتی ہے۔ کیا پتہ قدیم زمانے میں بچوں کو بہت سی عادتوں سے روکنے کا یہی طریقہ اپنایا گیا ہو اور اچھی عادتوں کو اپنانے کے لئے انہیں خوش قسمتی کا شگون کہا گیا ہو۔ یہی ہے وہمی دنیا اور یہی ہے ہماری رنگ برنگی زندگی! ■

روحانی مسیحا

معروف روحانی اسکالر ایس۔ این۔ قادری

ستاروں کی گردش ہو یا حاسدوں کی بندش

آپ کے مسائل کا قرآنی، اسلامی اور روحانی حل پیش کرتے ہیں

۱۔ نورالھدیٰ (لاہور)

قادری [illegible]! میں شادی شدہ ہوں مگر میری بڑی بہن [illegible] کا مسئلہ بنا ہوا تھا رشتہ بہت آتے تھے بات [illegible] بڑھتی بھی تھی مگر آخر میں آکر کوئی نہ کوئی [illegible] جاتا تھا بات چیت ختم ہوجاتی تھی پیروں فقیر[illegible] بھی رجوع کیا سب نے بندش بتائی روحانی علاج [illegible] کروایا مگر مسئلہ حل نہ ہوا آپ سے لوح نکاح [illegible] نے وظیفہ پڑھا تھا الحمدللہ آپکی دُعا اور لوح [illegible] برکت سے ایک بہت اچھے گھرانے میں باجی [illegible] رشتہ طے ہوگیا ہے اور اگلے مہینے شادی کی تاریخ بھی پکی کردی ہے لوح نکاح اور وظیفے کا اب کیا کروں۔

جواب: جیتی رہو۔ بیٹی لوح نکاح کے وظیفے کی صرف ایک تسبیح اب نکاح ہونے تک جاری رکھو۔

۲۔ زرین گل (پشاور)

قادری صاحب! میں نے رزق میں کشادگی کیلئے آپ سے لوح مشتری حاصل کی تھی لوح مشتری کے حاصل کرنے کے ایک مہینے کے اندر ہی لوح مشتری کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہوگئے ہیں میرے شوہر ٹھیکیدار ہیں پچھلی گورنمنٹ میں انہوں نے کچھ کام کیے تھے جن کے Bill ابھی تک کچھ اداروں میں پھنسے ہوئے تھے لوح مشتری کے آتے ہی نہ صرف یہ کہ وہ تمام بل Clear ہوگئے بلکہ ایک بڑا سرکاری ٹھیکہ جس کو حاصل کرنے کیلئے لوگ بڑی بڑی سفارشیں لگوارہے تھے وہ ٹھیکہ بھی میرے شوہر کو مل گیا ہے اور بڑا بیٹا جو ایک بنک میں برانچ منیجر تھا ترقی پاکر ریجنل منیجر ہوگیا ہے۔ لوح مشتری نے واقعی بڑی تیزی سے اثر دکھایا ہے [illegible] تعالیٰ آپکو ہمیشہ سلامت رکھے۔ کسی چیز کی [illegible] ہو تو قادری صاحب مجھے ضرور بتایئے گا۔

[illegible] اللہ خوش رکھے! میرے پاس اللہ کا دیا ہوا [illegible] اللہ آپکو بھی بہت دے۔ اپنے اردگرد ضرورت [illegible]، یتیموں محتاجوں کا خیال رکھیں اللہ آپکا خیال [illegible] غیب سے رزق کے دروازے کھول دے [illegible] سے رزق عطا فرمائے گا جہاں آپکا خیال [illegible] جائے گا۔

۳۔ سمیرا (حیدرآباد)

انکل! میں نے پسند کی شادی کیلئے [illegible] لکھوائی تھی وظیفہ مکمل ہوگیا ہے اور [illegible] شادی بھی ہوگئی ہے ہم دونوں آپ [illegible] بے [illegible] ہیں آپ نے ہمارا مسئلہ حل کرنے میں ہماری [illegible] اللہ تعالیٰ آپکو صحت و تندرستی عطا فرمائے۔

جواب: جیتی رہو [illegible] آپ دونوں کو ہمیشہ خوش رکھے اور آپ [illegible] میں ڈھیروں خوشیاں عطا فرمائے۔

۴۔ طاہرہ حمید (راولپنڈی)

قادری صاحب! میری شادی کو [illegible] سال [illegible] تھے مگر ابھی تک اولاد کی نعمت سے محروم تھی [illegible] سے ہوتی تھی مگر چھ یا آٹھ ہفتے کے بعد اچانک اُمید ضائع ہوجاتی تھی بہت پریشان تھی دونوں کی تمام ڈاکٹری رپورٹ اور ٹیسٹ Clear تھے ہر قسم کا علاج کرواکر تھک گئی تھی آپ سے رجوع کیا تو آپ نے لوح مریم اور وظیفہ دیا اور آج میں ایک پیارے سے بیٹے کی ماں ہوں۔

قادری صاحب ہمارے دل سے آپ کے لئے بہت دُعائیں نکلتی ہیں اللہ تعالیٰ آپکے علم میں مزید اضافہ فرمائے۔

جواب: جیتی رہو! میری دُعا ہے کہ اللہ پاک آپکے گھر میں مزید خوشیاں نازل فرمائے۔

۵۔ سارہ (منڈی بہاؤالدین)

قادری صاحب! میں اپنے کزن کو پسند کرتی تھی مگر میرے ابو خاندانی جھگڑوں کی بنا پر اس شادی پر راضی نہیں ہوتے تھے آپ سے رابطہ کیا تو آپ نے لوح نکاح بنا کر بھیجی اور وظیفہ بھی دیا وظیفہ مکمل ہوگیا ہے اور ہماری شادی بھی ہوگئی ہے آپ کا بہت شکریہ قادری صاحب لوح نکاح کا کیا کروں؟

جواب: جیتی رہو بیٹی دو نفل شکرانے کے ادا کرو اور لوح کو ٹھنڈا کرادو۔

۶۔ جہاں آراء (کراچی)

[illegible] صاحب! میں نے اپنے بیٹے کیلئے لوح راہ داری [illegible] سے حاصل کری تھی میرا بیٹا باہر کے ملک جانا چاہتا [illegible] کام بنتا ہی نہیں تھا کوئی نہ کوئی رکاوٹ آجاتی [illegible] آپ سے رجوع کیا تو اپ نے حساب کتاب نکال کر بتایا کہ اسکے سفر میں کچھ رُکاوٹیں ہیں پھر ان رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے آپ نے لوح راہداری اور وظیفہ پڑھنے کو دیا تھا۔ آپکی دُعاؤں سے وظیفے کے دوران ہی میرے بیٹے کا [illegible] گیا اور وہ آجکل آسٹریلیا میں ہے وظیفے کا [illegible] کروں ہدایت فرمادیں۔

[illegible] خوش رکھے! بہن اگر وظیفہ مکمل ہوگیا ہے [illegible] نے کے ادا کر کے لوح کو ٹھنڈا کرادو۔ [illegible] مکمل کر کے ٹھنڈا کرادینا۔

ٹوٹکے

نکسیر پھوٹنے سے بچانے کے لئے

پھوٹنے کا شدید مسئلہ ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں کو چا... کبھی بھی سر اُونچا کرکے ... تھوڑے سے پانی میں نمک گھول لیں۔ ا... ایک قطرہ رات میں ... پہلے اور صبح اُٹھنے کے بعد اپنی ناک میں ڈا... چیزوں کو جھک کر اُٹھانے سے ...

بھوک لگانے کے لئے

اگر بھوک نہ لگتی ہو تو اور اس کی وجہ سے وزن میں کمی واقع ہو رہی ... و شام اسپغول کی بھوسی کھائیں۔ اس سے معدے کی گرمی دُور ہوگی اور بھوک لگنی شروع ہو ...

آسانی سے دانت نکالنے کے لئے

اگر بچے کے دانت نکل رہے ہوں اور اسے تکلیف ہو تو ایک چھوٹا سا ٹکڑا سہاگہ لے لیں، اسے خوب گرم توے پر رکھیں۔ سہاگہ فوراً جل جائے گا، اسے ماچس کی تیلی کی مدد سے کسی چیز میں رکھیں اور 2 چائے کے چمچے شہد ملا لیں۔ اسے ہاتھ کی مدد سے بچے کے مسوڑھوں پر لگائیں۔ اس کے علاوہ ہینگ کو پانی میں بھگو لیں، اس میں سے ایک چٹکی ہینگ لے کر بچے کی ناف پر لگائیں۔ استری سے کپڑا گرم کرکے بچے کی ناف پر ہلکی ہلکی سینکائی کریں۔ بچہ پُرسکون نیند سوئے گا۔

کپڑوں کی الماری کی بدبُو دُور کرنے کے لئے

اگر کپڑوں کی الماری میں بدبُو پیدا ہوگئی ہے تو الماری خالی کرکے اس میں تھوڑی سی ...لونگیں اور نیم کے پتے ڈال کر رات بھر کے لئے رکھ دیں۔ دوسرے دن اس میں بھوڑے کا ... بچھا کر کپڑے رکھ دیں، کبھی بدبُو نہیں آئے گی۔

ہاتھوں سے ... بُو بھگانے کے لئے

لہسن ادرک چھیلنے کے بعد ... بدبُو بہت دیر تک نہیں جاتی۔ ایسے میں ہاتھوں پر ٹوتھ پیسٹ لگائیں اور تھوڑی دیر ...

... بڑھانے کے لئے

وہ لوگ جن کا ... جاتا ہو روزانہ ایک کھجور ضرور کھائیں۔ اس کے علاوہ چقندر کا استعمال بھی ان کے ...

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ کے قارئین کے لئے خوشخبری

''مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ'' کے قارئین کے لئے ایک اچھی خبر یہ ہے کہ اب وہ ایک آسان سے سوال کا جواب دے کر حاصل کر سکتے ہیں ایک انعام۔ مصالحہ فوڈ میگ کی جانب سے ایک سوال پوچھا جا رہا ہے' آپ کو کرنا صرف اتنا ہے کہ اس سوال کا جواب درج کریں اور اس کوپن کو ہم نیٹ ورک کے پتے پر روانہ کریں۔ سب سے پہلے ملنے والے درست جواب دینے والے کے نام کا اعلان ''ہم مصالحہ'' کے پروگراموں میں ہر ماہ کیا جائے گا' اس کے علاوہ جیتنے والے کو بذریعہ ای میل بھی مطلع کیا جائے گا' تو انعام حاصل کرنے کے لئے ابھی کوپن بمعہ شناختی کارڈ اور اپنی تصویر کے ہمیں روانہ کریں۔

ماہ جنوری کا سوال

''مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ'' کے دسمبر 2014ء کے شمارے میں زبیدہ آپا کے بنائے ہوئے کس میٹھے کی ترکیب شامل کی گئی ہے۔

جواب ....

نام .... فون نمبر .... ای میل ایڈریس ....

بلڈنگ نمبر 10/11' حسن علی اسٹریٹ' بالمقابل آئی آئی چندریگر روڈ کراچی 74000 پاکستان۔

MASALA TV FOOD MAG

''مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ''
کے سالانہ خریداروں کیلئے
خوشخبری
شاندار بچت کے ساتھ
سالانہ خریداری
اب صرف 1200 روپے میں

وصول کرنے والے کا نام

نام ....

پتہ ....

شہر ....

ملک ....

فون نمبر (دفتر / رہائش) ....

ای میل ....

اگر ملازمت پیشہ ہیں تو ادارے کا نام ....

از راہ کرم درج بالا معلومات فراہم کریں تا کہ آپ کو بہترین خدمات فراہم کی جا سکیں

ادائیگی:

1 بینک ٹرانسفر (بمعہ بینک اخراجات) ....

2 چیک/ڈرافٹ ....

3 پے آرڈر ....

بنام ہم نیٹ ورک لمیٹڈ
اکاؤنٹ نمبر 001402900243 بینک الفلاح ڈیفنس برانچ' کراچی پاکستان

فارم مکمل کر کے درج پتے پر روانہ کریں
ایڈیٹر 'مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ'
10/11 حسن علی اسٹریٹ' بالمقابل آئی آئی چندریگر روڈ' کراچی' پاکستان
(آرڈر کی تکمیل کیلئے کم از کم 15 دن کا وقت درکار ہے)